پریس ریلیز

# شیل گلوبل انوویشن پرائز کے لیے پاکستانی کاروباری اداروں کو شارٹ لسٹ میں شامل کرلیا گیا

**کراچی، 08 ستمبر 2020:** پاکستان سے تعلق رکھنے والے تین انٹرپرینیورز کو 2020 شیل لائیو وائر ٹاپ ٹین انوویٹرز ایوارڈز (Shell LiveWire Top Ten Innovators Awards) کے لیے 21 فائنلسٹس کی شارٹ لسٹ میں شامل کرلیا گیا ہے۔ لائیو وائر ایک عالمی مقابلہ ہے، جس کا مقصد ایسے کاروباری اداروں کو سامنے لانا اور اعزازات سے نوازنا ہے جنہوں نے جدت کے میدان میں عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہو۔ اس مقابلے کے لیے 15 ممالک سے 136 درخواستیں موصول ہوئی تھیں۔

اس سال، شیل لائیو وائر مقابلے کا موضوع ''جینے کے زیادہ قابل دنیا کی تخلیق (Creating a More Liveable World)'' تھا۔ یہ مقابلہ شیل کے اس عزم کا حصہ ہے، جس کا مقصد تبدیل ہوتی ہوئی عالمی ضرورتوں کو پورا کرنا ہے اور اس سال کے ٹاپ ٹین انوویٹرز کے مقابلے میں کووڈ-19 (COVID-19) کی پوری وبا کے دوران انٹرپرینیورز کی مدد کرنا شامل تھا۔ اب تک تبدیلی لانے والے ایسے سلوشنز کو زیادہ اہمیت دی گئی ہے جو وبا کے اثرات سے بالواسطہ یا بلاواسطہ طور پر نمٹنے میں مدد فراہم کرتے ہیں۔

ونرز اور 2 رنرز اپ کے ناموں کا اعلان انرجی ٹرانزیشن (Energy Transition)، انوائرنمنٹ اینڈ سرکلر اکنامی (Environment & Circular Economy) اور لوکل پراسپیریٹی (Local Prosperity) کے شعبوں میں کیا جائے گا۔ ونرز کو 20,000 امریکی ڈالرز جبکہ رنرز اپ میں سے ہر ایک کو 10,000 امریکی ڈالرز دیے جائیں گے۔ اس کے علاوہ، 10,000 امریکی ڈالرز مالیت کا ایک آؤٹ اسٹینڈنگ اچیومنٹ ایوارڈ (Outstanding Achievement Award) بھی ایسے ادارے کو دیا جائے گا جس نے، مندرجہ بالا شعبوں میں، کووڈ-19 سے پیدا ہونے والے سماجی و اقتصادی اثرات سے نمٹنے میں نمایاں حصہ لیا ہو۔ تمام ٹاپ ٹین انوویٹرز کو شیل کے عملے کی جانب سے براہ راست مینٹورنگ بھی فراہم کرنے کے ساتھ شیل کے عالمی نیٹ ورک میں وسیع روابط کے ذریعے شامل ہونے اور فائدہ حاصل کرنے کا موقع بھی دیا جائے گا۔

اس مقابلے کے عوامی ووٹنگ 07 ستمبر 2020ء سے 16 ستمبر، 2020ء تک جاری رہے گی جس سے 10 ونرز کا تعین کرنے میں مدد حاصل کی جائے گی۔ براہ مہربانی https://www.livewire.shell/topteninnovators کا وزٹ کریں اور اپنے پسندیدہ کاروباری ادارے کے لیے ووٹ دیں۔ ٹاپ ٹین کی رینکنگ کا تعین ماہرین پر مشتمل ججوں کا ایک پینل کرے گا اور ناموں کا اعلان گلوبل انٹرپرینیورشپ ویک 2020 کے دوران کیا جائے گا۔

اس بارے میں شیل پاکستان کے چیف ایگزیکٹو اور منیجنگ ڈائریکٹر ہارون رشید نے کہا: ''ہمیں اس بات پر انتہائی خوشی ہے کہ پاکستان سے ایکوا ایگرو (Aqua Agro)، ایڈوون (Edvon) اور اینیٹ (ENENT) ٹاپ ٹین انوویٹرز کے لیے مقابلہ کررہے ہیں۔ نہ صرف ان انٹرپرینیورز کو سامنے لانے کے لیے یہ ایک زبردست موقع ہے بلکہ اس ٹیلنٹ اور جدت کی نمائش کا بھی موقع ہے جسے ہم، پورے پاکستان، میں روزانہ دیکھتے ہیں۔ ہم ہر شخص کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ وہ ان 3 کاروباری اداروں میں شامل اپنے پسندیدہ کاروباری ادارے کے لیے ووٹ دیں۔

| کاروبار | انٹرپرینیور | کاروبار کا خلاصہ | شعبہ |
|---|---|---|---|
| ایکوا ایگرو | رملہ کلیم | ایکوا ایگرو کسانوں کے لیے پیداوار میں اضافے اور پانی کی بچت کے لیے آرٹیفیشل انٹیلی جنس اور جدید ٹیکنالوجی استعمال کرتی ہے۔ | انوائرنمنٹ اینڈ سرکلر اکنامی |
| ایڈوون | محمد نبیل | ایڈوون (EDVON) نے K-12 اسٹوڈنٹس کے لیے STEAM نصاب اور DIY روبوٹکس کٹس تیار کی ہیں۔ ان کا کورونا سے لڑنے والا روبوٹ ہیلتھ کیئر سیٹنگس میں سینیٹیشن اور کمپلائنس بہتر بناتا ہے۔ | لوکل پراسپیریٹی |
| ENENT | محمد اسامہ بن شکیل | ENENT ایک کلین ٹیک الیکٹرونکس اسٹارٹ اپ ہے جو ایسی جدید پروڈکٹس کے ڈیزائن پر توجہ دیتا ہے جن سے بجلی کے بلوں میں کمی لائی جاسکتی ہے اور بجلی کے نقصانات سے بچا جاسکتا ہے۔ | انرجی ٹرانزیشن |